# Maths - 9th Class Mathematics Urdu Medium Chapter 16 Preparation

Q1. کسی بند شکل کارقبہ کیا ہوتا ہے.

**Ans 1:** کسی بند شکل کی حد بندی کرنے والے قطعات خط جس علاقے کا احاطہ کرتے ہیں وہ شکل کا رقبہ کہلاتا ہے.

Q2. بند علاقے کے رقبے کو کن اکائیون سے ظاہر کیا جاتا ہے.

**Ans 1:** بند علاقے کے رقبے کو مربع اکائیوں سے ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ ایک مثبت حقیقی عدد ہوتا ہے.

Q3. متوازی اضلاع کا ارتفاع کیا ہوتا ہے.

**Ans 1:** اگر کسی متوازی الاضلاع کے ایک ضلع کو قاعدہ مان لیا جائے تو قاعدہ اور اس کے متوازی اضلاع کے درمیان عمودی فاصلہ کو متوازی اضلاع کا ارتفاع کہتے ہیں.

Q4. مستطیل علاقہ کو کتنے مثلثی علاقوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے.

**Ans 1:** مستطیلی علاقہ کو کئی طریقوں سے دو یا دو سے زیادہ مثلثی علاقوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے.

Q5.

**Ans 1:**

**Ans 2:**

Q6.

**Ans 1:**

**Ans 2:**

Q7. مثلث کا اندورنہ کیا ہتا ہے.

**Ans 1:** مستوی کے ایسے تمام نقاط کا سیٹ جو کسی مثلث کے اندر ہوں مثلث کا اندرونہ کہلاتا ہے.

Q8. تعریف کریں. دی گئی شکل کا رقبہ

**Ans 1:** شکل کا رقبہ: کسی بند شکل کی حد بندی کرنے والے قطعات خط جس علاقے کا احاطہ کرتے ہیں وہ شکل کا رقبہ کہلاتے ہیں. یہ ایک مثبت حقیقی عدد ہوتا ہے بند علاقہ کے رقبہ کو مربع اکائیوں سے ظاہر کیا جاتاہے.

---

Q9. مستطیلی رقبہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** مستوی کے ایسے تمام نقاط کا سیٹ جو کسی مستطیل کے اندر واقع ہوں مستطیل کا اندرونہ کہلاتا ہے. کسی مستطیل اور اس کے اندرونہ کے یونین کو مستطیلی علاقہ کہتے ہیں. مستطیلی علاقہ ہی مستطلیلی رقبہ کہلاتا ہے. اگر اکسی مستطیل کی لمبائی اور چوڑائی بالترتیب اے کائیاں اور بی کا اکائیاں ہوں تو مستطیل کا رقبہ اے ضرب بی مربع اکائیاں ہوتا ہے.

---

Q10. مستطیل کا اندرونہ کیا ہوتا ہے.

**Ans 1:** مستوی کے ایسے تمام نقاط کا سیٹ جو کسی مستطیل کے اندر واقع ہوں مستطیل کا اندرونہ کہلاتاہے.

---